محنت کشوں میں گرین ٹریکٹرز کی تقسیم

گجرات (نمائندہ / لیبر نیوز ویب ڈیسک) صوبائی وزیرِ صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے گجرات میں وزیرِ اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر اسکیم کے تحت کاشتکاروں میں ٹریکٹرز کی چابیاں تقسیم کیں۔ **پہلے مرحلے میں 34 کاشتکاروں کو ٹریکٹرز فراہم کیے گئے۔**

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری شافع حسین نے کہا کہ **پنجاب حکومت فی ٹریکٹر 10 لاکھ روپے سبسڈی فراہم کر رہی** ہے جبکہ زرعی بیج کی درآمد کم کر کے **مقامی پیداوار کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی** ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انسدادِ اسموگ کے لیے جدید زرعی مشینری، بشمول سپر سیڈرز، فراہم کی گئی ہے جبکہ **ضلع گجرات کے 130 ٹیوب ویل سولر انرجی پر منتقل کیے جا چکے ہیں۔**

صوبائی وزیر نے کہا کہ **سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے امدادی چیکس جاری کیے جا رہے ہیں اور نقصان زدہ فصلوں کا ازالہ کیا جائے گا۔** ساتھ ہی صنعتوں کو ماحولیاتی آلودگی کے خلاف نوٹس بھی جاری کیے گئے ہیں۔